HUBCO

Laraib Energy Limited
Gerry's Center, 1-B 3rd Floor, Service Road West,
7th Avenue, Sector G-6/1 Islamabad, Pakistan
T +92 51 2255 431-32
F +92 51 2251 485

پچیسویں (25) سالانہ اجلاسِ عام کا نوٹس

ذریعہ ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ لاریب انرجی لمیٹڈ کے حصص یافتگان کا پچیسواں (25) سالانہ اجلاسِ عام بروز جمعہ، مورخہ 11 ستمبر 2020 کو دن 11:00 بجے کمپنی کے ہیڈ آفس بمقام جیریز سینٹر، B-1، منزل نمبر 3، سروس روڈ جنوبی، سیونتھ ایوینیو، سیکٹر جی-6/1 اسلام آباد میں منعقد ہو گا جس میں درج ذیل امور نمٹائے جائیں گے۔

عمومی اُمور:

1. چوبیسویں (24) سالانہ اجلاسِ عام منعقدہ 08 اکتوبر 2019 کی کاروائی کی توثیق۔
2. سال مختتمہ 30 جون 2020 کے لئے کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں معہ ان پر آڈیٹرز اور ڈاریکٹرز کی رپورٹوں کی وصولی اور منظوری۔
3. 30 جون 2021 کو ختم ہونے والے سال کے لئے آڈیٹرز کا تقرر اور اُن کے معاوضے کا تعین۔ دستبردار ہونے والے آڈیٹرز نے خود کو دوبارہ آڈیٹرز نامزد کرنے کی خواہش کا اظہار کیا جس کے وہ اہل ہیں۔
4. صدر اجلاس کی اجازت سے دیگر اُمور پر غور و خوص۔

بحکم بورڈ آف ڈاریکٹرز

Fayyaz Ahmad Bhatti

فیاض احمد بھٹی

کمپنی سیکرٹری

LARAIB ENERGY LIMITED LEL

اسلام آباد

20 اگست 2020

نوٹ:

1. کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 04 ستمبر 2020 سے لے کر 11 ستمبر 2020 تک (بشمول ان دونوں دنوں کے) بند رہیں گی۔
2. وہ ممبر جو اجلاس ہذا میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا حقدار ہے وہ شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے لئے کسی بھی دوسرے فرد کو اپنا نیابت دار بذریعہ تحریر مقرر کر سکتا ہے اور نیابت دار کا کمپنی کے حصص کا حصص یافتہ ہونا ضروری نہیں۔
3. ہر لحاظ سے مکمل شدہ پراکسی فارمز اجلاس کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں کمپنی سیکرٹری کے پاس جمع کروانا ہو گا۔
4. حصص یافتگان سے گزارش ہے کہ اپنے پتہ میں کسی قسم کی تبدیلی سے فوری مطلع کریں۔